سوال

(196) نماز کی حالت میں کوئی دنیاوی بات یاد آجائے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں اگر کوئی بات یاد آجائے مثلاً کسی سے ملنا، کسی سے لین دین کرنا، کسی سے کوئی ضروری بات پوچھنا، تو کیا ان باتوں کو ذہن نشین کرے یا نماز کی طرف توجہ کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں! ان کے پیچھے نہ پڑھے، توجہ نماز کی طرف مبذول کرلے۔

قَالَ مَا الْإِحسَانُ، قَالَ أَن تَعبُدَ اللّٰہَ کَأَنَّکَ تَرَاہُ فَإِن لَّم تَکُن تَرَاہُ فَإِنَّہ یَرَاکَ
''آپ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تو اپنے رب کی عبادت اس انداز سے کرے کہ تو اسے دیکھ رہا ہے، اگر ایسے نہیں تو پھر یہ (تصور کر) کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔
(بخاری، الإیمان، باب سوال جبریل النبی عن الایمان والاسلام والاحسان وعلم الساعة)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02